خبرنامہ ادارۂ تحقیق وتصنیف اسلامی (۳۵)

☆ صدرِ ادارہ مولانا سید جلال الدین عمری کی نئی اور مقبول کتابوں میں سے ایک 'کم زور اور مظلوم- اسلام کے سایے میں' ہے۔ اردو میں اس کے کئی ایڈیشن منظرِ عام پر آئے ہیں۔ اب اس کا انگریزی ترجمہ مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز نئی دہلی نے Of the Week, Oppressed And Islamic shield کے نام سے اعلیٰ معیار کے ساتھ شائع کر دیا ہے۔ یہ ترجمہ ڈاکٹر سید صفی اطہر نے کیا ہے۔ صفحات: ۱۴۲ قیمت: -/۶۰ روپے

کتاب کا ہندی ترجمہ اس سے پہلے شائع ہو چکا ہے۔ صفحات: ۹۶، قیمت: -/۵۵ روپے

☆ مشہور اخوانی مفکر سید قطب شہیدؒ کی، ایام اسیری کی ایک مؤثر تحریر بہ عنوان: افراح الروح کا اردو ترجمہ رکنِ ادارہ ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی کے قلم سے ماہ نامہ زندگی نو نئی دہلی، جنوری ۲۰۱۰ء میں شائع ہوا تھا۔ اب اسے مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز نے 'روح کے نغمے' کے نام سے کتابچہ کی صورت میں شائع کر دیا ہے۔ صفحات: ۲۴، قیمت: -/۲۰ روپے۔

☆ ادارہ کے سلسلۂ توسیعی خطبات کے تحت ۱۰/ جنوری ۲۰۱۰ء کو پروفیسر عبدالرحیم قدوائی، ڈائرکٹر اکیڈمک اسٹاف کالج، مسلم یونی ورسٹی علی گڑھ نے 'قرآن کریم کے انگریزی تراجم وتفاسیر- ایک جائزہ' کے موضوع پر توسیعی خطبہ پیش کیا۔ مسلم یونی ورسٹی کے مختلف شعبوں کے اساتذہ، علمی وتحقیقی مراکز سے وابستہ افراد اور دوسرے اہل علم نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ خطبہ کے بعد مذاکرہ میں سامعین نے بھرپور حصہ لیا۔

☆ مشہور ماہر اقتصادیات اور شاہ فیصل ایوارڈ یافتہ محقق پروفیسر محمد نجات اللہ صدیقی کو مسلم یونی ورسٹی نے ڈپارٹمنٹ آف بزنس ایڈمنسٹریشن میں پروفیسر ایمریٹس کے اعزاز سے نوازا ہے۔ اس سلسلے میں ایک تہنیتی تقریب ۲۶/ جنوری ۲۰۱۰ء کو ادارۂ تحقیق اور جماعت اسلامی ہند اے ایم یو ایریا کے اشتراک سے منعقد ہوئی۔

☆ شعبۂ اسلامک اسٹڈیز، مسلم یونی ورسٹی علی گڑھ میں ایک دو روزہ سمینار ۵-۶/ مارچ ۲۰۱۰ء کو 'تصانیف شاہ ولی اللہ کے مآخذ' کے موضوع پر منعقد ہوا۔ سکریٹری ادارہ ڈاکٹر صفدر سلطان اصلاحی اور ارکان ادارہ ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی اور مولانا محمد جرجیس کریمی نے اس میں شرکت کی۔ ڈاکٹر اصلاحی کے مقالہ کا عنوان 'شاہ ولی اللہ کا منہج نقلِ مصادر' اور ڈاکٹر ندوی کا موضوع 'شاہ ولی اللہ کے تفسیری مآخذ' تھا۔ مولانا کریمی نے شاہ صاحب کی تصنیف 'البلاغ